
EFU LIFE



# EFU GUARANTEED ACCEPTANCE PLAN

**"For queries SMS "PRD" to 9898"**

# Hassle - free Insurance for a Secure Future



Life Assurance is a need in today's world for protecting yourself financially. Having access to life assurance is essential, and for this we now bring you EFU Guaranteed Acceptance Plan. It is an investment-linked insurance product and a unit linked savings plan, which guarantees your protection even in case of major diseases. Therefore, the hassle of obtaining life assurance policy is minimized, as there are no conditions to fill in any health questionnaire, or present any medical record which makes the policy acceptance process much quicker.

We believe in providing unconditional assurance plans which not only provide you with a reasonable coverage, but also help to accumulate your savings.

## Disclosure of Product

**This is a life insurance product which has two distinct elements i.e., Insurance Protection and Investment. The Investment Component is linked to the performance of underlying assets under unit linked fund(s).**

## Free Look Period:

**If you cancel your policy within free look period of 14 days from the date of the documents receipt, you are entitled for a full refund of premium less any expenses incurred by EFU Life in connection with our medical or clinical examinations.**

## Simple Application and Acceptance Guaranteed

EFU Guaranteed Acceptance Plan is a high-value unit linked life assurance plan which provides with a substantially higher unit allocation in the initial policy years leading to rapid accumulation of cash values. This plan is specifically designed to accommodate your coverage needs, providing an opportunity to anyone to enjoy attractive benefits, as no underwriting conditions are applied which can restrict you to get insurance coverage.

The fund accumulated through the plan may be used for achieving multi-purposes in life from maintaining a good lifestyle to the fulfillment of your responsibility towards your loved ones. In this plan, you can select the most attractive fund option with the flexibility of accessing your savings whenever you need them in life. Also, it provides you a facility of inflation protection benefit to hedge against inflation.

## Opportunity for Growth

The premiums of the plan will be utilized to purchase units in the fund selected by the policy holder.

You have the flexibility to select from one of the following Unit Saving Funds based on your risk appetite and investment objective at the inception of the policy.

All available funds are categorized with their risk profiling as per the investment criteria.

| Funds | | |
|---|---|---|
| **EFU Managed Growth Fund** | **EFU Guaranteed Growth Fund*** | **EFU Income Growth Fund*** |
| **Fund Categorization: Balanced** | **Fund Categorization: Money Market Fund** | **Fund Categorization: Income Fund** |
| **Risk Profile: Medium** | **Risk Profile: Low** | **Risk Profile: Low** |
| An investment fund with a balanced investment strategy. It aims to achieve reasonable capital growth and steady returns with investment in government securities, carefully selected blue chip equities, and other fixed income securities and cash | An investment fund providing steady returns with a guarantee that the bid price of the fund will never fall. It aims to achieve stable growth through investment in short term debt securities. | Investment fund providing steady returns. It aims to achieve consistent capital growth with investment in government securities and high-quality corporate debt. |

***EFU Income Growth Fund to be selected by default**

## Inflation Protection

This option gives you the security and peace of mind of knowing that the benefits offered in this plan will be automatically updated in line with inflation every year regardless of your health conditions. Once you select this option, the Main Plan premium will increase 5% of the previous year's premium, with an appropriate increase in the benefits attached, if any.

## Fund Acceleration Premiums

This benefit acknowledges the fact that you may have surplus cash available at any point in your life. Guaranteed Acceptance Plan is a regular premium plan but also gives you the flexibility to top-up your savings by depositing your surplus funds as lump sum premiums in the plan. These lump sum premiums, called "Fund Acceleration Premiums" (FAP) payments can be made at commencement or at any point while the policy is in-force. The FAP payments will increase the cash value of your plan, but will not affect the sum assured. The minimum FAP payment is Rs. 50,000.



## Death Benefit


### Natural Death Benefit:

On natural death of the policy holder during the policy term, the following year-wise Death Benefit will be paid:

| | |
|---|---|
| Year 1 | Higher of 5% of the Main Plan Sum Assured or Main Plan Basic Cash Value |
| Year 2 | Higher of 20% of the Main Plan Sum Assured or Main Plan Basic Cash Value |
| Year 3 and onwards | Higher of Main Plan Sum Assured or Basic Cash Value |

Plus

The Cash Value from FAP payments (if Any)



### Accidental Death Benefit (Built in):

Along with the Natural Death Benefit, the plan offers you an added level of protection by offering Accidental Death Benefit as a built-in feature of the product. Under this Benefit, in case of accidental death of the policy holder before age 60, an additional lump sum benefit will be paid to the beneficiaries. The amount of payout is equal to 100% of the Main Plan Sum Assured. This accidental benefit will be in addition to the Natural Death Benefit specified above.

### Eligibility

The minimum age at entry of the life assured, is 25 years and the maximum age at entry is 65 years next birthday.

### Basic Premium

The minimum annual Basic Plan regular premium is Rs. 50,000 per annum and the Maximum Annual basic regular premium is Rs. 1,000,000 per annum.

### Sum Assured

Sum Assured is determined as Annual Premium times the Protection Multiple. This is a limited cover plan and provides a year wise death benefit as mentioned above. The maximum limit of Sum Assured is up to Rs. 4,000,000. The different level of sum assured based on protection multiple is mentioned below:

| AGE | MINIMUM | MAXIMUM |
|---|---|---|
| 25-35 | 5 | 35 |
| 36-40 | 5 | 25 |
| 41-49 | 5 | 15 |
| 50-65 | 5 | 5 |

### Unit Allocation

The proportion of the Basic Plan premium allocated to investment is as follow:

| Policy Year | Allocation as percentage of Annual Basic Premium | Allocation charges* |
|---|---|---|
| 1 | 50% | 50% |
| 2 | 80% | 20% |
| 3 | 90% | 10% |
| 4 | 100% | 0% |
| 5 to 9 | 103% | 0% |
| 10 to 14 | 105% | 0% |
| 15 and onwards | 110% | 0% |

**100% of Fund Acceleration Premium payment is allocated to purchase units.**

*** An allocation charges will be deducted from the Paid Premium every year as per the above table and the remainder will be allocated to the account value.**

## Access to your Savings

Nobody can predict the future. If your circumstances change and you need to access the cash, your plan can be encashed for the full bid value of units without having to pay the surrender penalty after the second annual premium has been paid. Please remember that the value in the first few years is likely to be low since the plan is designed for long term capital gains.

Alternatively, you may just want a small proportion of the capital you have accumulated. The plan gives you the facility to make partial withdrawals at any time while continuing to make premiums and keeping the plan in place. This facility is subject to at least Rs. 50,000 remaining as basic cash value after such withdrawals.

## Automatic Non Forfeiture Option

If premium payments are stopped due to any reason after paying at least two full years' premiums, the Company will keep the basic policy in force for a period of one year from the date of first unpaid premium. During this one year period, the Company will cancel enough units to pay for the cost of maintaining the cover and for administration. At the end of this period, if the policy has a cash value, it will be converted to "Paid-up" policy. In such a case, no further premiums would be payable and the amount payable on death or maturity will be equal to the Cash Value of the policy. At each policy anniversary, the Company will cancel enough units to pay for the administration cost for maintaining the policy.

## Charges

The following charges apply to the plan:

| Charges | Rate / PKR |
|---|---|
| Administration Charge | PKR 1,200 per Annum |
| Bid/Offer Spread | 5% of the net regular premium |
| Investment Management Charge | 0.125% of the fund value per month |
| Mortality Charge (Cost of Insurance) | An age based mortality charge applies for the life insurance risk each year and is dependent on the sum at risk. No mortality charges applies in years where the cash value exceeds sum assured. |
| Fund Switching Fee | PKR 500 |
| Surrender Processing Fee | PKR 500 |
| Surrender Charge | 100% for the first year |
| Allocationcharges | As per the above Unit Allocation table |

## Disclaimer

1. This brochure gives a general outline of 'EFU-Guaranteed Acceptance Plan'. The contract will be governed by the detailed conditions set out in the policy.
2. A description of how the contract works is given in the policy Provisions and Conditions.
3. The growth in fund value will depend on the actual fund performance. You can enhance your cash value by payment of Fund Acceleration Premiums.
4. Please note that Unit Linked Life Insurance plan are subject to investment risk and the Investment risk in the selected fund is borne by the policy holder.
5. Kindly contact our Head Office or Sales Consultant for a personalized illustration of benefits.

# EFU LIFE ASSURANCE LTD.

EFU Life House, Plot No. 112, 8th East Street, Phase I, DHA, Karachi, Pakistan
Fax: (021) 3453-7519 Email: csd@efulife.com



# ای ایف یو گارینٹیڈ ایکسپٹنس پلان

”سوالات کے لئے پی آر ڈی 9898 پر ایس ایم ایس کریں“

# محفوظ مستقبل کیلئے پریشانی سے مبرّا بیمہ حاصل کیجئے

آج کل کی دنیا میں خود کو مالی طور پر محفوظ رکھنے کیلئے بیمہِ زندگی ایک ضرورت بن گئی ہے۔ بیمہ حیات پالیسیوں تک ہر ایک کو رسائی کا حق حاصل ہے۔ چنانچہ غیر معمولی نوعیت کی بیماریوں میں بھی بہت ہی آسان شرائط پر مبنی بیمہ پروڈکٹ، ای ایف یو گارنٹیڈ ایکسپٹنس جو کہ بیمہ انویسٹمنٹ لنکڈ پلان ہے، جس کے ذریعے بیمہ دار بن سکتے ہیں۔ چنانچہ بیمہ زندگی کی پالیسی حاصل کرنے کی پریشانی کم ہو جاتی ہے کیونکہ کسی بھی قسم کا صحت سے متعلق سوالنامہ مکمل کرنے کی شرائط نہیں ہیں اور نہ ہی کوئی طبّی ریکارڈ پیش کرنے کی ضرورت، جو پالیسی کی منظوری کی کارروائی کو تیز تر بناتا ہے۔

ہم غیر مشروط بیمہ منصوبے فراہم کرنے میں یقین رکھتے ہیں جو نہ صرف آپ کو ایک مناسب تحفّظ مہیّا کرتا ہے بلکہ آپ کو آپکی بچت جمع کرنے میں مدد بھی فراہم کرتا ہے۔



### پروڈکٹ کا اظہار

**اس زندگی کے بیمہ کی دو نمایاں خصوصیات یہ ہیں: انشورنس کا تحفظ اور سرمایہ کاری۔ سرمایہ کاری منسلک ہے یونٹ لنکڈ فنڈ (فنڈز) میں موجود اثاثہ جات کی کارکردگی سے**

### غور و فکر کا دورانیہ

**اگر آپ دستاویزات کی وصولی کے 14 دن کے غور و فکر کے دورانئے کے اندر اپنی رکنیت منسوخ کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو آپ ای ایف یو لائف کے طبی/کلینیکل معائنہ جات کے سلسلے میں اٹھنے والے اخراجات منہاء کر کے، کنٹریبیوشن کی مکمل ادائیگی کی واپسی کا اہل ہونگے۔**

## آسان عملدرآمد اور منظوری کی ضمانت

ای ایف یو گارنٹیڈ ایکسپٹنس پلان ایک اعلیٰ قدر یونٹ سے منسلک بیمہِ زندگی کا منصوبہ ہے جو ابتدائی پالیسی سالوں میں کافی اعلیٰ تر یونٹ کی تخصیص فراہم کرتا ہے جن سے جو نقد اقدار کا مجموعہ تیزی سے بڑھتا ہے۔ یہ منصوبہ خاص طور سے آپ کے تحفّظ کی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے تشکیل دیا گیا ہے، ہر ایک کو پرکشش فوائد سے لطف اندوز ہونے کا موقع فراہم کرتا ہے کیونکہ اس میں بیمہ کی روایتی شرائط کا اطلاق نہیں ہے جو آپ کو بیمے کا تحفّظ حاصل کرنے سے روک سکیں۔

اس پلان سے حاصل مجموعی فنڈ کو، ایک اچھا معیارِ زندگی برقرار رکھنے کے ساتھ ساتھ اپنے پیاروں کیلئے اپنی ذمّہ داریوں کو پورا کرنے کیلئے، کثیر مقاصد حاصل کرنے کیلئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اس پلان میں آپ نہایت پرکشش فنڈ منتخب کر سکتے ہیں جس میں آپ کو زندگی میں جب ضرورت پڑے فنڈز کیلئے آپ کی بچت تک رسائی کی لچک بھی حاصل ہے اسکے علاوہ یہ پلان آپکو افراطِ زر سے تحفّظ کے فائدے کی سہولت بھی فراہم کرتا ہے۔

## سرمائے کے فروغ کا موقع

منصوبے میں ادا کئے گئے پریمیئمز پالیسی کنندہ کے منتخب کردہ فنڈ میں یونٹس کی خریداری کیلئے استعمال کئے جائیں گے۔

آپ پالیسی کے آغاز پر اپنے سرمائے کے مقصد اور نقصان کے اندیشے کی برداشت کی بنیاد پر درج ذیل بچت فنڈز میں سے کسی ایک کا انتخاب کر سکتے ہیں:

تمام فنڈز کی رسک پروفائیلنگ ان میں کی جانے والی سرمایا کاری کے تحت کی گی ہے

| فنڈ | | |
|---|---|---|
| ای ایف یو مینیجڈ گروتھ فنڈ | ای ایف یو گارنٹیڈ گروتھ فنڈ | ای ایف یو انکم گروتھ فنڈ * |
| فنڈ کی قسم: بیلنسڈ | فنڈ کی قسم : منی مارکٹ فنڈ | فنڈ کی قسم :انکم فنڈ |
| رسک پروفائل: درمیانی | رسک پروفائل:کم | رسک پروفائل: کم |
| متوازن سرمایہ کاری کی حکمت عملی کے ساتھ سرمایہ کاری فنڈ ہے۔ اسکا ہدف حکومتی مالیاتی اداروں میں محتاط طریقے سے منتخب کردہ بلو چپ ایکویٹیز میں اور مختلف فکسڈ انکم سیکیورٹیز اور نقد میں سرمایہ کاری کے ذریعے سرمائے میں مناسب فروغ اور مستحکم آمدنی کا حصول ہے۔ | مستحکم آمدنی فراہم کرنے والا سرمایہ کاری فنڈ جس میں یہ ضمانت دی جاتی ہے کہ فنڈ کی بولی قیمت (بڈ پرائس) کبھی نیچے نہیں آئے گی۔ اسکا مقصد قلیل المیعاد قرضہ لینے والے مالیاتی اداروں میں سرمایہ کاری کے ذریعے سرمایہ کی مستحکم نشو ونما ہے۔ | ایک سرمایہ کاری فنڈ جس کا مقصد سیکیوریٹیز میں سرمایہ کاری کر کے مستحکم بڑھوتری حاصل کرنا ہے۔ اس کا ہدف حکومتی مالیاتے اداروں اور قرضہ دینے والی اعلیٰ معیاری مالیاتی اداروں میں سرمایہ کاری کے ذریعے سرمایہ کی مستحکم نشونما ہے۔ |

***ای ایف یو انکم گروتھ فنڈ خودکار طور پر منتخب کیا جائے گا**

## افراطِ زر سے تحفظ:

اس اختیار کے ذریعے سے آپ کو تحفظ اور ذہنی اطمینان ہوتا ہے کہ آپ کے پلان میں حاصل ہونے والے فوائد کو آپکی صحت سے قطع نظر ہر سال خودکار طور پر بڑھادیا جاتا ہے۔اس اختیار کے انتخاب کے ذریعے ہر سال آپکے ہر پریمیم کو سابقہ سال کے پریمیم سے 5 فیصد بڑھادیا جائیگا۔اور دیگر فوائد جو اس پلان سے منسلک ہوں، اگر کوئی ہیں تو ان میں بھی مناسب طور پر اضافہ ہوگا۔




## اضافی اختیاری پریمیم (فنڈ ایکسلیریشن پریمیئم):

یہ سہولت اس حقیقت کی عکاسی کرتی ہے کہ آپ کو اپنی زندگی کے کسی بھی مرحلے پر اضافی نقد رقم موجود ہوسکتی ہے۔ گارنٹیڈ ایکسپٹنس پلان ایک باقاعدہ پریمیم کا منصوبہ ہے لیکن اسکے ساتھ ساتھ یہ آپکو منصوبے میں اپنی اضافی رقوم کو یکمشت جمع کرا کر آپ کی بچت کو فروغ دینے کی لچک اور موقع فراہم کرتا ہے۔ یہ یکمشت اضافی ادائیگیاں جن کو فنڈ ایکسلیریشن پریمیم کا نام دیا گیا ہے، پالیسی کے آغاز پر یا پالیسی کے درمیان کسی بھی وقت کی جاسکتی ہیں۔ اضافی پریمیم کی ادائیگیاں آپ کے منصوبے کی نقد قدر کو بڑھائیں گی مگر انکا بیمہ شدہ مجموعی قدر پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔اضافی رقم کا کم از کم 20,000 روپے ہونا ضروری ہے۔

## وفات کی صورت میں حاصل فائدہ

### طبعی وفات کی صورت میں فائدہ (ڈیتھ بینیفٹ)

پالیسی کی مدّت کے دوران، پالیسی کے حامل فرد کی طبعی وفات کی صورت میں، سال کے اعتبار سے درج ذیل وفات کی صورت میں حاصل فائدہ ادا کیا جائے گا:




سال 1: اصل منصوبے کے سم اشورڈ کا 5 فیصد یا اصل پلان کی بنیادی نقد قدر (جو زیادہ ہو)

سال 2: اصل منصوبے کے سم اشورڈ کا 20 فیصد یا اصل پلان کی بنیادی نقد قدر (جو زیادہ ہو)

سال 3 اور زائد: اصل منصوبے کے سم اشورڈ کی رقم یا اصل پلان کی بنیادی نقد قدر (جو زیادہ ہو)

اور

فنڈ ایکسلریشن پریمیم کے ذریعے حاصل نقد قدر (اگر کوئی ہوں)

## حادثاتی وفات کی صورت میں فائدہ (بلٹ ان فائدہ)

طبعی وفات کی صورت میں فائدے کے ساتھ ساتھ، یہ پلان آ پکواس پروڈکٹ کے خودکارفیچر کے ذریعے حادثاتی وفات کی صورت میں فائدہ مہیّا کرکے تحفظ کا ایک اضافی درجہ پیش کرتا ہے۔اس فائدے کے تحت، پالیسی کے حامل کی 60 سال کی عمر سے قبل حادثاتی وفات کی صورت میں، ایک اضافی یکمشت رقم کا فائدہ نامزدگان کو دیا جائے گا۔اس ادائیگی کی رقم اصل منصوبے کے زرِبیمہ کے 100 فیصد کے مساوی ہے۔یہ حادثاتی فائدہ اوپر بیان کئے گئے طبعی وفات کی صورت میں فائدے کے علاوہ ہوگا۔

### اہلیت:

پلان میں شمولیت کیلئے کم ازکم اورزیادہ سے زیادہ عمر بالترتیب اگلی سالگرہ پر 25 اور 65 سال ہے۔

### بنیادی پریمیئم:

بنیادی پلان میں کم ازکم باقاعدہ پریمیئم 50,000 روپے سالانہ ہےاور زیادہ سے زیادہ سالانہ پریمیئم 1,000,000 ہے۔

### سم اشورڈ:

سم اشورڈ کا تعین سالانہ پریمیئم کو پروٹیکشن ملٹپل (تحفظ مضروب) سے ضرب دے کرکیا جاتا ہے۔ یہ ایک محدود تحفّظ پر مبنی منصوبہ ہےاور سالانہ بنیاد پر، جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے، وفات کی صورت میں فائدہ مہیّا کرتا ہے۔سم اشورڈ کی لمٹ 4,000,000 ہے۔تحفظ مضروب کی بنیاد پر بیمہ شدہ مجموعے کا درجہ ذیل میں درج ہے:

| عمر | کم ازکم | زیادہ سے زیادہ |
|---|---|---|
| 25 سے 35 | 5 | 35 |
| 36 سے 40 | 5 | 25 |
| 41 سے 49 | 5 | 15 |
| 50 سے 65 | 5 | 5 |

**یونٹ کی تقسیم:** سرمایہ کاری کومختص کئے جانے والے بنیادی منصوبے کے پریمیئم کا تناسب درج ذیل ہے:

| سال | سالانہ بنیادی پریمیئم کا مختص کئے جانے والا فیصد | ایلوکیشن کی فیس * |
|---|---|---|
| 1 | 50 فیصد | 50 فیصد |
| 2 | 80 فیصد | 20 فیصد |
| 3 | 90 فیصد | 10 فیصد |
| 4 | 100 فیصد | 0 فیصد |
| 5 سے 9 | 103 فیصد | 0 فیصد |
| 10 سے 14 | 105 فیصد | 0 فیصد |
| 15 اوراس سے زائد | 110 فیصد | 0 فیصد |

یونٹس کی تخصیص کیلئے (FAP) فنڈ ایکسیلریشن پریمیم یونٹ ایلوکیشن کا تناسب 100 فیصد ہوگا۔

*اوپر درج ٹیبل کے مطابق ہر سال ادا کئے گئے پریمیئم میں سے تخصیص کی فیس منہاء کی جائے گی اور بقایا رقم اکاؤنٹ ویلیو کومختص کی جائے گا

## اپنی بچت تک آپ کی رسائی

کوئی بھی شخص مستقبل کے بارے میں پیشن گوئی نہیں کرسکتا۔ اگر حالات میں کوئی تبدیلی رونما ہوتی ہے اور آپ کو رقم کی ضرورت پڑتی ہے تو آپ اپنی پالیسی میں، دوسال کا مکمل پریمیئم ادا کرنے کے بعد، جمع شدہ یونٹس کی پوری بڈ پرائس کے مساوی رقم وصول کرسکتے ہیں۔ یہ بات بھی ذہن نشین رہے کہ پالیسی کے ابتدائی چند برسوں میں اس کی قدر کم ہوتی ہے کیونکہ یہ پالیسی طویل المدت سرمائے کے منافع جات کے حساب سے تشکیل دی گئی ہے۔

اسی طرح، اگر آپ چاہیں تو اپنی جمع کی گئی سرمایہ کاری کے عوض رقم کا کچھ حصہ بھی حاصل کرسکتے ہیں۔ یہ پلان آپکو کسی بھی وقت، پریمیئم کی ادائیگی جاری رکھتے ہوئے اور پلان کو قائم رکھتے ہوئے، جزوی رقم نکالنے کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ یہ سہولت اسی صورت میں کارآمد ہوگی کہ رقم نکالنے کے بعد آپکی پالیسی کی نقد قیمت 50,000 روپے سے کم نہ ہو۔

## آٹومیٹک نان فارفیچر آپشن:

اگر مکمل دوسال تک کے پریمیم ادا کردئے گئے ہوں اور پھر کسی وجہ سے انکی ادائیگی رک جائے تو کمپنی غیرادا شدہ پہلے پریمیم کی تاریخ سے ایک سال کے عرصے کیلئے بنیادی پالیسی کو قائم رکھے گی۔ اس ایک سال کے دوران کمپنی انتظامی اور تحفّظ کے اخراجات کی ادائیگی کے کچھ یونٹس منہا کردے گی۔ اس عرصے کے اختتام پر اگر پالیسی کی کوئی نقد قدر موجود ہوئی تو وہ ''پیڈاپ پالیسی'' میں تبدیل کردی جائیگی،۔ اس صورت میں مزید کوئی پریمیم قابل ادائیگی نہیں ہونگے اور وفات پر یا پالیسی کے اختتام پر قابل ادائیگی رقم پالیسی کی نقد قدر کے مساوی ہوگی۔ ہر پالیسی سال کے اختتام پر کمپنی پالیسی کو جاری رکھنے کے انتظامی خرچ کی ادائیگی کے لئے کچھ یونٹس منہا کردے گی۔

## اخراجات

منصوبے میں درج ذیل اخراجات کا اطلاق ہوگا:

| چارجز | ریٹ/ پاکستان روپے میں |
|---|---|
| انتظامی اخراجات (ایڈمنسٹریشن چارج) | 1200 روپے سالانہ |
| بڈ/آفر (بولی/پیشکش) سپریڈ | مختص شدہ بنیادی اور اضافی فنڈ ریمیئم کا 5فیصد |
| سرمایہ کاری انتظامات اخراجات (انویسمنٹ مینجمنٹ چارج) | فنڈ قدر کا 0.125 فیصد ماہانہ |
| مورٹیلیٹی چارج (بیمہ کی مالیت) | ہر سال عمر پر مشتمل بیمہ حیات کے خطرے کے امکان کو مدنظر رکھتے ہوئے، مورٹیلٹی چارج لاگو ہوتا ہے جو سم ایٹ رسک کے تحت حاصل کیا جاتا ہے۔ البتہ جب کیش ویلیو سم کو رسے بڑھ جائے تو مورٹیلٹی کی مد میں کوئی رقم منہا نہیں کی جائے گی |
| فنڈ تبدیل کرنے کی فیس | 500 روپے |
| دستبرداری عمل درآمد فیس | 500 روپے |
| دستبرداری اخراجات | 100 فیصد پہلے سال کے لئے |
| تخصیص کی فیس | اوپر دی گئی یونٹ کی تخصیص کی ٹیبل |

## انتباہ

1۔ یہ کتابچہ ''ای ایف یو گارنٹیڈ ایکسپٹنس پلان'' کی عام صورت حال پیش کرتا ہے۔ یہ معاہدہ ان تفصیلی شرائط کے تحت عمل میں آئے گا جو پالیسی میں دی گئی ہے۔

2۔ معاہدہ کن طرز پر کام کرتا ہے، اسکی تمام تر تفصیلات پالیسی کی شرائط اور ضوابط میں دی گئی ہیں۔

3۔ فنڈ میں نشو ونما کا دار و مدار حقیقی فنڈ کی کارکردگی پر ہوگا۔ آپ فنڈ ایکسلریشن پریمیئم کی ادائیگی کے ذریعے اپنی نقد قدر بڑھا سکتے ہیں۔

4۔ براہ مہربانی نوٹ فرمائیں کہ یونٹ سے منسلک بیمہ زندگی کے منصوبے سرمایہ کاری میں خطرے کے احتمال سے مشروط ہیں اور منتخب کردہ فنڈ میں سرمایہ کاری میں ممکنہ خطرہ پالیسی حامل کی ذمّہ داری ہے۔

5۔ ذاتی طور پر فوائد کی تشریحات کی تفصیل کیلئے برائے مہربانی ہمارے ہیڈ آفس یا سیلز کنسلٹنٹ سے رابطہ کیجئے۔

# EFU LIFE ASSURANCE LTD.

EFU Life House, Plot No. 112, 8th East Street, Phase I, DHA, Karachi, Pakistan
Fax: (021) 3453-7519 Email: csd@efulife.com